ہر دم رہے نگہباں وہ ذو الجلال تیرا

روشن رہے جہاں میں جاہ و جلال تیرا

دور محمدی میں سلطان فاطمی ہے

یوسف سے ہے زیادہ حسن و جمال تیرا

اب بقاء خضر جو دیتے تھے اُس طرح سے

اے نائبِ خضر ہے اب زلال تیرا

مسلم ہنود شاہاں تعظیم کر رہے ہیں

جب دیکھتے ہیں زیادہ فضل و کمال تیرا

ہے سیف یہ علی کی ہشیار اے منافق

میدان میں تو آجا گر ہے مجال تیرا

اے برہان دیں کے دشمن حصہ ہے آگ تیرا

سجین میں ہی جلنا ہے لاکھو سال تیرا

طیب امام کی یہ دعوت کے کان میں سے

یاقوت لال نکلا ہر ایک لال تیرا

نزد خدا یمانی کمتر کی یہ دعاء ہے

روشن رہے جہاں میں جاہ و جلال تیرا